نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے سموگ کنٹرول کیلئے اقدامات

لاہور:23 اکتوبر2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت محکمہ زراعت پنجاب پوری طرح چوکس اور متحرک ہے۔دھان کے علاقوں میں کاشتکاروں کیلئے آگاہی مہم کے سلسلہ میں مساجد سے 43ہزار سے زائد اعلانات کرائے گئے جبکہ 5لاکھ 4ہزار سے زائد تنبیہی نوٹسز جاری کئے گئے ہیں۔محکمہ زراعت پنجاب کی جانب سے آگاہی مہم کو مزید نتیجہ خیز بنانے کیلئے سوشل میڈیا کا موثر استعمال بھی کیا جارہا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ سموگ کے خلاف جاری مہم کو مزید موثر بنانے کیلئے 145اینٹی سموگ سکواڈ فیلڈ میں مصروفِ عمل ہیں۔اس کے علاوہ دھان کی باقیات کی جدید مشینری کے ذریعے تلفی کیلئے 187بیلرز فیلڈ میں کام کررہے ہیں اور اب تک 1لاکھ 28ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ پر بیلز کا استعمال کیا گیا ہے۔مزید براں، 1259 کبوٹا ہارویسٹرز بھی فیلڈ میں کام کررہے ہیں جن کے ذریعے 5لاکھ 21ہزار سے زائد رقبہ پر دھان کی باقیات کی تلفی عمل میں لائی گئی ہے۔اب تک صوبہ بھر میں دھان کی فصل کو آگ لگانے کے 118واقعات ہوئے ہیں۔دھان کی باقیات کو آگ لگانے والے عناصر کو مجموعی طور پر 10لاکھ 65ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے جبکہ 55ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا گیا ہے۔

☆☆☆☆